صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 24 دسمبر 2003ء بمطابق 29 شوال 1424 ہجری صبح دس بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک و ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ O اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ O وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ O وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ O اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِيْزَانِ O وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ O وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ O فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ O وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ O وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ O فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۔

(ترجمہ): رحمٰن ہی نے قرآن سکھایا اس نے انسان کو پیدا کیا اسے بولنا سکھایا سورج اور چاند ایک حساب سے چل رہے ہیں اور بیلیں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور آسمان کو اسی نے بلند کر دیا اور ترازو قائم کی تاکہ تم تولنے میں زیادتی نہ کرو اور انصاف سے تولو اور تول نہ گھٹاؤ اور اس نے خلقت کے لیے زمین کو بچھا دیا اس میں میوے اور غلافوں والی کھجوریں ہیں اور بھوسے دار اناج اور پھول خوشبودار ہیں پھر تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے اس نے انسان کو ٹھیکری کی طرح بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور اس نے جنوں کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا پھر تم (اے جن وانس) اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانَا أَنِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب طاہر بن یامین خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: جی، نوابزادہ طاہر بن یامین صاحب۔

محکمہ تعلیم میں گھپلے

جناب طاہر بن یامین خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میں محکمہ تعلیم ٹانک میں وسیع پیمانے پر گھپلوں کی طرف آپ کی توجہ مبزول کرانا چاہتا ہوں۔ ٹانک میں تقریباً تین چار روز سے بھوک ہڑتال اور جلوس شروع ہو گئے ہیں اور یہ خبر تیرہ دسمبر کے "مشرق" اخبار میں آئی ہے اور یہ اس کا ثبوت بھی ہے کہ "محکمہ تعلیم ٹانک میں وسیع پیمانے پر گھپلوں کا انکشاف۔ قاری، عربی اور اسلامیات کے اساتذہ کی خالی نشستوں پر تعیناتی کے لئے سکریننگ ٹیسٹ میں بے قاعدگیاں۔" جناب والا! جتنا بھی وہاں عملہ تھا اور انہوں نے جو ٹیم بنائی تھی، وہ اس وقت سے متنازعہ تھی اور پہلے بھی ہم نے ان سے کہا تھا کہ ان کی ایک پارٹی کے ساتھ Affiliation ہے، براہ مہربانی ای ڈی او ایجوکیشن کو کئی دفعہ یہ بتایا کہ Affiliated لوگوں کو آپ نہ بٹھائیں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ سارے کا سارا عملہ پارٹی کے Affiliated لوگ تھے۔ میں نام لینا پسند نہیں کروں گا لیکن اس میں یہ ہوا کہ سارے کے سارے ان کے منظور نظر افراد کو لے لیا گیا اور باقی جو اہل افراد تھے، وہ سب کے سب رہ گئے ہیں۔ برائے مہربانی ان بے قاعدگیوں کا نوٹس لیا جائے اور ان کی تحقیقات کی جائے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب مشتاق غنی صاحب۔

یونیورسٹی سٹوڈنٹس پر پولیس کا تشدد

جناب مشتاق احمد غنی: سر! میں ایک انتہائی اہم مسئلے کی جانب آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ کل کچھ سٹوڈنٹس نے یہاں گیٹ پر سٹرائیک کی، منسٹر صاحب وہاں ان کے پاس بھی گئے۔ ہم آٹھ دس ایم پی ایز بھی وہاں پہ گئے۔ سر! صورتحال یہ ہے کہ وہاں پر ایک Botanical garden ہے Botany department کا اور ہمیں وہاں سے Information ملی ہے کہ وہاں ایک ایسا پودا بھی ہے جو پاکستان میں صرف اسی ایک جگہ پر موجود ہے، پورے پاکستان میں اس کی کوئی Species موجود نہیں ہیں۔ And then second is Sir, this is internationally recognized garden by

IUCN and UN اس میں جو افسوسناک پہلو تھا، وہ یہ تھا کہ ان سٹوڈنٹس کو یہ تسلی دی گئی تھی کہ ہم آپ کے اس گارڈن کو ختم نہیں کریں گے کیونکہ یہ گارڈن ان کے لئے ایک لیبارٹری کے طور پر کام کرتا ہے۔ تو انہوں نے کل جب اپنے مطالبات کے لئے سٹرائیک کی تو پولیس نے ان پر بڑا وحشیانہ تشدد کیا۔ ہمارے سامنے کچھ فیمیل سٹوڈنٹس پیش کی گئیں جن کے دوپٹے پھٹے ہوئے تھے اور یہ Male پولیس نے ان کے اوپر کیا تھا۔

سر! وہاں اب صورتحال یہ ہے کہ وہ BBT کا ایک بلاک بنانا چاہتے ہیں۔ Bachelor of Bio-technology جو کہ واقعی بننا چاہیئے۔ ان کی بھی سخت ضرورت ہے کیونکہ ان کے پاس جگہ کی اور کلاس روم کی کمی ہے، لیکن یونیورسٹی اتنی وسیع جگہ ہے کہ اس کے لئے ان کو متبادل جگہ دی جاسکتی ہے اور ان کا بھی مطالبہ ہے کہ یہ فی الفور Construct کیا جائے۔ لیکن اس کے لئے اس Botanical garden کو Which is a laboratory for them, ختم کرنا اور کاٹنا میں سمجھتا ہوں کہ کسی طریقے سے بھی موزوں نہیں ہے اور کافی کاٹ بھی دیا گیا ہے تو اس کی بھی انکوائری کی ضرورت ہے کہ آخر کونسی ایسی اتھارٹی تھی کہ جس نے اس گارڈن کو کاٹنے کے احکامات جاری کئے جبکہ یونیورسٹی کے اندر وسیع اراضی موجود ہے جس میں یہ تعمیر کی جاسکتی ہے۔

جناب نادر شاہ: دے بارہ کښې جي یو دوه خبرې دي۔

جناب سپیکر: کومے بارہ کښې۔ زما په خپل خیال مشتاق غني صاحب، دا خو پوره آتھ نہه ممبران تلي وو او هغوئی ذکر اوکړو۔ زما په خیال هغوي چې په کومه انتہائی جامع انداز کښې Comprehensive form کښې ذکر اوکړو نو په دې مسئله باندې به نور مطلب دا دے دغه نه وي۔ دا نسرین خټک صاحبه به پرے هم دغه وئیل غواړي، امیر رحمان هم پرے غواړي۔ مطلب دا دے چې کوم Comprehensive report وو او هغوي تلي وو معزز اراکین اسمبلي، هغوي هلته کښې معلومات اوکړل، هغوئی اظهار اوکړو۔

جناب نادر شاہ: زه جي هم د دغه خبرې حمایت کوم۔ یو خبره پکښې Add کول غواړمه او هغه دا جي چې دے DSP بیان ورکړے دے چې یره دوئ چې کوم دے نو دوئ دغه ته نقصان رسوؤ۔

جناب سپیکر: مولانا عبدالرحمٰن صاحب تاسو کښېنئی۔

جناب نادر شاہ: نو دہ تہ د دې خبرې څه علم غیب وو چې دا مخکښې نه چې کوم دے سټوډنټان ښه پر آمن روان وو او دے-----

جناب سپیکر: زما په خیال د پولیسو د زیاتئی خبره اوشوه چې Male پولیس، نو دا یوه خبره د غور دے۔ زما په خپل خیال دوه ایشوز اوچت شو یو هغه ټانک والا، یو د سټوډنټس والا۔

جناب عبدالماجد: سر! دغه سلسله کښې یو معمولی غوندې خبره کوم-----

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالماجد: خدشات دا دی چې دا بهرتیانے چې اوس کوم شروع دی په ټول ډسټرکټ کښې یا په ټول علاقه کښې، په دې کښې زما ګزارش دا دے که دا سې حکم نامه جاری شی چې مکمل طور سره بالکل د قابلیت په بنیاد باندې دا په سکولونو کښې یا په کالجونو وغیره په دغه سلسله کښې په میرټ باندې کوی۔

جناب سپیکر: جناب ملک ظفر اعظم صاحب چې د دې دواړو مسئلو خبره اوغی نو بیا به نور ګورو۔ خلط ملط کوئی ئے مه کنه۔ چې یوه یوه باندې نتیجے تا رسو نو بیا به بل آخلو۔ جی!

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): مہربانی جناب سپیکر صاحب۔ طاہر بن یامین صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کی جواب میں میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ میرے علم میں یہ بات آئی ہوئی ہے کہ جتنے بھی AT, TT اور قاری کی پوسٹوں کے لئے انٹرویوز ہو رہے تھے، وہ سب کینسل کر دیئے گئے ہیں کیونکہ ہمیں کچھ شکایات موصول ہوئی تھیں صوبہ بھر سے کہ اس میں میرٹ کے علاوہ کچھ دھاندلیاں یا کچھ Unfair means استعمال ہوئے ہیں تو منسٹر صاحب نے سارے صوبہ سرحد میں اس کو کینسل کر دیا ہے اور میں ماجد خان صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس بابت ہم نے میرٹ کے لئے اتنا کچھ کیا ہے کہ آٹھ نمبر جو انٹرویو آفیسر کے پاس ہوتے تھے، مثلاً EDO کے پاس انٹرویو کے آٹھ نمبر ہوتے تھے، ہم نے وہ بھی کاٹ دیئے ہیں تاکہ اس میں بھی ایسا نہ ہو کہ کسی لڑکے کو سفارش پر لے لیں تو وہ صوابدیدی اختیارات بھی ہم نے ختم کر دیئے ہیں تو وہ انشاءاللہ میرٹ پر ہوں گے اور ہم چاہتے ہیں کہ یہ میرٹ پر ہی ہوں۔

جناب سپیکر: یہ منسوخی، مطلب یہ ہے کہ اس کا صرف منسوخی علاج ہے کیا؟ جنہوں نے غلط کام کیا ہے، ان کو بھی تنبیہ یا کچھ سزا ہونی چاہیئے تاکہ آئندہ بھی کوئی ایسا کام نہ کر سکے۔

وزیر قانون: سر! یہ ابھی Identify نہیں ہوا تھا کہ زید، عمر، بکر نے یہ غلط کام کیا ہے لیکن عوام کی طرف سے یہ شکایت آئی تھی کہ کہیں سے جعلی اسناد لی گئی ہیں تو اس وجہ سے، اس کے تدارک کے لئے ہم نے یہ کینسل کرائے ہیں۔ ہمارے مشتاق غنی صاحب نے جو فرمایا ہے تو میں یقیناً یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہاں ایک درخت جو جاپان سے Import کیا گیا تھا، موگولائٹ کچھ اس طرح کا نام ہے، اس گارڈن میں یہ ایک درخت ہے۔

جناب والا! مسئلہ یہ ہے کہ یہ گارڈن پہلے سے گورنر صاحب نے اس جگہ کے لئے Approve کیا تھا۔ انہوں نے Allotment بلکہ اس کا Tender بھی Award ہو چکا ہے اور یہ جو گارڈن ہے اس کے بدلے دوسری جگہ پر دس گنا زیادہ Space ان لوگوں کو دیا گیا ہے تاکہ وہ وہاں پر گارڈن لمبا چوڑا بنائیں، اور جس طرح انہوں نے کہا ہے یہاں پر Bio-technology بڑا ایک اہم شعبہ ہے ایک سو ستر سٹوڈنٹس ہیں اس میں، اور اس کے دو، ایک لیکچر روم ہے ایک سو ستر سٹوڈنٹس کیلئے ایک لیکچر روم ہے۔ میرے اندازے کے مطابق وہ کچھ 14x12 کا کچھ ایسا کمرہ ہے جس میں چالیس بندے کھڑے ہو کر سبق پڑھتے ہیں اور ایک لیب ہے، وہ بھی 14x12 کچھ اس طرح کی ہے یعنی بہت کم Space ہے۔ ان کے، کمپیوٹر کا سامان اور Equipments جو کہ ٹینڈر ہو چکے ہیں، وہ منگوانا چاہتے ہیں اور ان کے پاس جگہ نہیں ہے تاکہ وہ کمپیوٹر وہاں رکھیں۔ تو چونکہ یہ گارڈن ان کے نزدیک ہے تو وہاں پر وہ جو بلڈنگ بنا رہے تھے تو اس پر Agitation شروع ہوا۔ میں آپ کی وساطت سے گزارش کروں گا کہ ٹھیک ہے ہم جانتے ہیں کہ ہمارے سٹوڈنٹس اس پر ناراض ہیں، اس میں Bio-technology کی اہمیت کو بھی دیکھیں اور اس اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ اس وقت ہونا چاہیئے تھا جب یہ جگہ ان کو دی گئی تھی۔ ٹینڈر ہوئے تھے۔ اب جب ٹھیکیدار نے عام پودے، اس میں زیادہ تر نارنگی تھی اور Eucalyptus تھے میرے خیال میں، کاٹے ہیں اور وہ جو قیمتی درخت ہے، جس کے بارے میں اخباروں میں آتا ہے، وہ آپ نے بھی دیکھا ہوگا اور میں خود بھی کل گیا تھا، میں نے بھی دیکھا ہے اور وہاں کی سٹوڈنٹس سے میں نے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ یہ ایک

درخت ہے جو جاپان سے Import کیا گیا ہے، وہ درخت اسی جگہ پر اسی حالت میں موجود ہے۔ تو میری عرض یہ ہے کہ انہی باتوں میں، گو کہ گورنر صاحب کے Under discretion ہے لیکن حقیقت یہ ہے جی کہ وہاں پر ان لڑکوں کا، جو ایک سو ستر لڑکے ہیں اور 12x14 کے کمرے میں لیکچر لیتے ہیں اور لیب بھی انہی دو رومز میں ہے، ان کے لئے بھی تو جگہ ہونی چاہیئے اور وہ ٹینڈر Award ہو چکا ہے، لہذا اس کو مزید بگاڑنے کی بجائے سلجھایا جائے۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ ہم B.B.T کے خلاف نہیں ہیں کہ Bio-technology کا بلاک نہ ہو، پہلے Top priority دے کر اس کو بنایا جائے۔ ہم صرف یہ کہہ رہے ہیں کہ یونیورسٹی کی بلڈنگز کی اپنی ایک خوبصورتی ہوتی ہے اور ان کے درمیان Green patches اس خوبصورتی میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ جب آپ ایک Que میں بلڈنگز بھی بنادیں اور اس کے اندر جو اتنا قیمتی گارڈن ہے، اس کو بھی کاٹ دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کی کسی طریقے سے یہ کوئی Justification نہیں ہے۔ ان کو ضرور جگہ دی جائے اور جگہ بے شمار ہے اس یونیورسٹی کے اندر اور سب سے پہلے ان کے لئے وہ تعمیر کی جائے لیکن جو گارڈن ہے، اس کو محفوظ رکھا جائے کیونکہ یہ ہمارا اثاثہ ہے اور یہ آج سے نہیں کافی عرصے سے ہے اور جہاں تک آپ کا یہ سوال ہے کہ اس کا ٹینڈر ہو گیا اور لوگوں کو پتہ ہی نہیں چلنے دیا گیا، اس وقت سٹوڈنٹس تو اپنی پڑھائی میں مشغول تھے، اب جب انہوں نے آری چلائی تو ان کو پتہ چلا کہ ہمارا گارڈن تو ختم کیا جا رہا ہی تو میری گزارش ہے کہ ی تو اس میں بڑی Detailed inquiry کی ضرورت ہے یا اس کو کمیٹی کے سپرد کر دیں یا کوئی Enquiry ٹیم مقرر کر دیں تاکہ اس کا صحیح اور منصفانہ حل نکلے۔ B.B.T والے بھی Satisfy ہوں اور Botany والے بھی، ورنہ یہ یونیورسٹی کے اندر دو گروپس کے درمیان بھی ایک تنازعہ بن گیا ہے۔

جناب سپیکر: جناب منسٹر صاحب!

جناب امیر زادہ: جناب سپیکر! یو پوائنٹ دے، وضاحت دے جی لړ۔

جناب سپیکر: د دې مسئلے په باره کښې؟

جناب امیر زادہ: دے سلسله کښې هم دے او بل پریس متعلق هم دے۔ زه په خپله Botany student پاتے غوے یمه۔ Botanical garden دا صرف، اونه کټ کول هسې هم جرم دے او بیا خو Botanical garden دا یو ریسرچ Purpose د پاره وی او دا یو Heritage هم دے۔ د Shifting منسټر صاحب چې اوئیل چې یره مونږ دا Shift کوؤ د یو ځائے نه بل ځائے ته، دا خو څه Cement یا Concreteڅه Structureنه دے چې مونږ یو ځائے کښې Abandon کړو او بل ځائے کښې ئے جوړ کوؤ۔ دا خو ځنی اونے دی سوؤنه کاله اخلی او ډیر نایاب Species وی نو مهربانی اوکړئی Special committee ته یا دے باندې څه Discussion اوکړئی او بیا۔۔۔۔

جناب سپیکر: نسرین خٹک صاحبہ۔

محترمہ نسرین خٹک: جناب سپیکر صاحب! میں اس ٹیم کی ایک ممبر تھی جس نے کل Siteکا Visitکیا ہے۔ مختصر یہ کہ ہماری ٹیم یہ سمجھنے سے قاصر ہے کہ حقائق پہ مبنی بات یہ ہے کہ ہفتے کی صبح جب کہ بچے اور بچیاں پڑھائی کے لئے جارہی تھیں، ان کو یہ Assurance دی گئی تھی کہ ان کا جو Botanical gardenہے، اس کو کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ وہ اسیAssuranceکی وجہ سے گھر گئے اور یہ پیر کی صبح کا واقعہ ہے کہ اگر ان کے الفاظ میں دوہراؤں تو ان کی الفاظ یہ تھے کہ "میڈم، ایسا لگ رہا تھا جیسے چھوٹی چھوٹی لاشیں پڑی ہوئی ہیں، باترتیب ان پودوں کو جڑوں سے نکالا گیا تھا اور اتنا نقصان ہوا ہے" اتنا زیادہ نقصان ہوا ہے کہ ہم نے خود دیکھا ہے، اب ان کا جو Point of viewہے، ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ یہ Bio-technology centre، وہ بھی کہتے تھے اور یقین کیجیئے وہاں پہ بچے بھی تھے، Bio-technologyکے Students بھی تھے، ان کی متفقہ رائے یہ تھی کہ یہ Centreضرور بنے، Venue changeہو اور جو درخت اور پودے اتنی بے دردی کے ساتھ جڑوں سے نکالے گئے ہیں، ان کے لئے فی الفور Resourcesفراہم کئے جائیں تاکہ دوبارہ یہ گارڈن بنے۔ ہماری ٹیم یہ سمجھنے سے بھی قاصر ہے کہ جب بچے پرامن طریقے سے جارہے تھے اپنا Point of viewبنانے کے لئے تو یقین جانیں جناب سپیکر صاحب، کہ وہاں پہ Maleپولیس موجود تھی اور اس زیادتی کے بعد، بہت بعد، بہت بعد فیمیل پولیس وہاں پہ آئی ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ ہماری ٹیم یہ سمجھنے سے قاصر ہے کہ Botany departmentکے

چیئرمین جو کہ غالباً ہر دلعزیز ہی تھے کہ ہم نے پوچھا بچوں سے اور انہوں نے ہاتھ کھڑے کئے، ہم نے کہا کہ آپ سب باٹنی ڈیپارٹمنٹ کے ہیں تو Boys and girls 80% جو وہاں پہ تھے، They raised their hands to inform that they were the students of botany department اور سب نے کہا کہ جب ہمارے ہر دلعزیز چیئرمین آ جائیں۔ جب بچے خوش ہیں اپنے چیئرمین سے تو ان کو ہٹانے کی تو ہمیں، اور آخر میں جناب سپیکر صاحب، بچوں کا اعتماد ہم پہ بحال ہونا چاہیئے اور ہم لوگوں نے یہ Assurance دی ہے کہ جو بچے خواہ مخواہ جیل میں ڈالے گئے، کوئی Criminal offence تو وہ کر نہیں رہے تھے تو ان کی رہائی، وہ تو خیر ہم نے کل بھی سینیئر منسٹر صاحب سے بات کی تھی اور امید ہے وہ رہا ہوئے ہوں گے۔ ابھی جو انکوائری کی بات ہے تو ایک دو دن میں یہ Complete ہو جانی چاہیئے کیونکہ اس سے ان کا اعتماد بحال ہو گا۔ آخر میں میں جناب ظفر اعظم صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ بچیاں جو کل اسمبلی میں آئی ہوئی تھیں، ان کے پاس ٹرانسپورٹ نہیں تھی اور انہوں نے اپنی ٹرانسپورٹ سے اتر کر اپنے Body guards کو اتار کر Female students کو وہ ٹرانسپورٹ دی ہے۔

<u>جناب اسرار اللہ خان</u>: جناب سپیکر! اگر اجازت ہو تو اس حوالے سے، جناب میں بھی ان کے ساتھ تھا، جو باتیں انہوں نے تفصیل کے ساتھ کی ہیں، بالکل یہی باتیں انہوں نے بیان کی ہیں۔ میں یہی چاہوں گا کہ چونکہ یونیورسٹی کا معاملہ ہے اور گورنر صاحب کے ساتھ ہے، اگر ہم ایک ریزولیوشن اس ایوان کی طرف سے ان کو بھیج دیں اور ساتھ جو پولیس کا ایکشن ہے وہ تو چونکہ Provincial subject ہے تو ان کے خلاف یقیناً کارروائی ہونی چاہیئے کیونکہ عورتوں پر لاٹھی چارج ہم نے پہلی بار سنا ہے جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب سراج الحق صاحب۔

<u>جناب سراج الحق (سینیئر وزیر خزانہ)</u>: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ قابل احترام سپیکر صاحب! غیر جانبدارانہ رائے معلوم کرنے کے لئے ہم نے کل تین افراد پر مشتمل ایک وفد بھیجا تھا جس میں امیر رحمٰن صاحب تھے، نسرین خٹک صاحبہ تھیں اور نادر شاہ صاحب تھے اور اس کے علاوہ مشتاق غنی صاحب بھی وہاں تشریف لے گئے ہیں۔ ان تینوں کا اس پر اتفاق ہے کہ وہاں پر انتظامیہ نے جس طرح اس Case کو Deal کیا ہے، مناسب انداز میں نہیں کیا ہے اور پھر اس پر زیادتی یہ کی ہے کہ طالبات پر انہوں نے جو لاٹھی چارج کیا ہے تو وہ بھی مناسب نہیں ہے اور ویسے بھی Question یہ ہے کہ آخر طلباء اور طالبات کو کیا پڑی

ہے کہ وہ کلاس رومز چھوڑ کر یہاں تک پہنچے ہیں اور سڑکوں پہ آتے ہیں، احتجاج کرتے ہیں؟ اور پھر طالبات ہماری بچیاں ہیں، ہر طرح سے قابل احترام ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ جب بھی طلباء مسائل کے لئے جلوس نکالتے ہیں تو عموماً اس میں طالبات حصہ نہیں لیتی ہیں لیکن کل بچیاں یہاں بھی آئی تھیں اور اسمبلی کا جو وفد گیا تھا، یہ خود بھی جا کر ان سے ملے ہیں۔ تو کچھ ان کے اندرونی Departmental جو کام ہے، وہ تو ان کا اپنا مسئلہ ہے لیکن جس طرح سے انہوں نے Deal کیا ہے، لاٹھی چارج کیا ہے، طالبات اور طلباء کو باہر نکالنے پر مجبور کیا ہے وہ بہر حال کوئی شائستہ کام انہوں نے نہیں کیا ہے اور مناسب ہوگا کہ، اگرچہ ڈیپارٹمنٹ کا چیئرمین تبدیل کرنا یا نہ کرنا، یہ تو وائس چانسلر کا کام ہے اور وائس چانسلر کو تبدیل کرنا یہ نہ کرنا، یہ گورنر صاحب کا کام ہے لیکن جہاں لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ پیدا ہوتا ہے تو پھر یہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے اور مناسب ہے کہ اگر کوئی اس طرح کا آپ کی طرف سے وہ ہو جائے اسمبلی کے اندر اور وہ جا کر ان کو بھی سمجھائے، ان کا مسئلہ بھی سمجھے اور کوئی بیچ کا راستہ اگر نکل آتا ہے تو یہ ایک عزت کا راستہ ہوگا اساتذہ کیلئے بھی اور، اساتذہ بھی کل یہاں آئے تھے اساتذہ کو بھی میں نے دیکھا کہ بعض زخمی پڑے تھے۔ اپنے بچوں اور بچیوں کو پولیس کی شکنجے سے نکالنے کے لئے اور بیچ بچاؤ میں وہ زخمی پڑے تھے۔ اس کے باوجود بھی جو یہ واقعہ ہوا ہے، اخبارات میں بھی آیا ہے، اس سے والدین کو بہت برا Message جاتا ہے اور والدین سمجھتے ہیں کہ ہم نے پڑھنے کیلئے بچوں اور بچیوں کو بھیجا ہے اور ان کے ساتھ اس طرح سلوک کیا جارہا ہے۔ میرے خیال میں یہ یونیورسٹی انتظامیہ کی کھلم کھلا ناکامی ہے اور اس پر ہمیں افسوس ہے۔ پولیس نے بھی اگر زیادتی کی ہے تو اس کی بھی ہم تحقیقات کریں گے۔ آپ کی طرف سے یعنی اگر اسمبلی کی طرف سے کچھ بن جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: آنریبل منسٹر نے بڑی تفصیل اور انصاف سے میں سمجھتا ہوں کہ اس واقعہ کا ذکر کیا ہی۔ ٹھیک ہے کہ یونیورسٹی وائس چانسلر یا یونیورسٹی کی انتظامیہ گورنر کے Under ہے لیکن وہاں پر جو بچے اور بچیاں پڑھتی ہیں، وہ اس صوبے کے رہنے والے عوام کے بچے اور بچیاں ہیں۔ ہم یعنی یہ اسمبلی اس سے اپنی آنکھیں ہٹا نہیں سکتی کہ ہم اس لئے وہاں پر Helpless ہیں کہ چونکہ یہ گورنر صاحب کے ساتھ ہے،

اس لئے ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ میرے خیال میں ایک Strong resolution گورنر صاحب کو اس اسمبلی کی طرف سے جانا چاہئیے کہ ایڈمنسٹریشن کے جن لوگوں نے اس میں ناکامی دکھائی ہے یا جن کی وجہ سے یہ واقعہ ہوا ہے، ان کے خلاف فوراً ایکشن لیا جائے۔ یہ تو کوئی بات ہی نہیں کہ ہم یہ کہیں کہ جی وہ چونکہ گورنر صاحب کے ساتھ ہے اس لئے ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ یہ اسمبلی ہے، یہ Elected Assembly ہے۔ عوام نے یہاں پر ہمیں بھیجا ہے اور یہ بچے بچیاں انہی کے علاقوں سے تعلق رکھتی ہیں اور وہ یہاں پر آتی ہیں، پڑھتی ہیں تو اگر اس طرح ہم انہیں Ignore کرتے جائیں تو پھر کل کو یونیورسٹی انتظامیہ اتنی سر پر چڑھ جائے گی کہ وہ جو دل میں آئے، کرتے جائیں گے۔ میرے خیال میں اگر Rule suspend کرکے کوئی اس طرح کا ریزولیوشن ساری اسمبلی Move کرلے کہ جن لوگوں نے، میں یہ نہیں کہتا کہ کسی خاص فرد کا نام لے کر، لیکن جن لوگوں نے اس میں کوتاہی کی ہے، جن لوگوں نے اس میں زیادتی کی ہے، ان کے خلاف فوراً ایکشن لیا جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: بیٹھ جائیں اس واقعے کے میرے خیال میں دو رخ ہیں۔ ایک یونیورسٹی انتظامیہ ہے اور ایک لاء اینڈ آرڈر کی Situation سے تعلق رکھنے والے۔ جہاں تک ان کا تعلق ہے تو وہ تو صوبائی حکومت کے Purview میں آتا ہے، یونیورسٹی انتظامیہ اور یونیورسٹی سے متعلق جو بات ہے تو اس سلسلے میں جو تجویز سامنے آگئی ہے، میرے خیال میں Tea break کے بعد آپ ریزولیوشن تیار کریں اور پولیس نے جو زیادتی کی ہے تو اس میں میرے خیال میں صوبائی حکومت، یعنی اس واقعے کو جس طرح Mis-handle کیا گیا ہے، سٹاف کے ساتھ، اور بچیوں کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے، میرے خیال میں صوبائی حکومت اپنے لیول پہ اس کی تحقیقات کرے گی اور جنہوں نے حد سے تجاوز کیا ہے، ان کو ضرور پوچھنا چاہئیے اور They should be taken to task۔ جناب نظام الدین صاحب!

<u>مولانا نظام الدین</u>: جناب سپیکر صاحب! تاسو ته معلومه ده چې سوات کښې صرف مینګوره نه د ټول سوات بلکه د ټول مالاکنډ ډویژن د زړه حیثیت لری۔ روزانه تاسو اخبارات کښې ګورئ چې دلیرانه واردات پکښې کیږی او بله شپې یو صرافه دوکان لوټ شو او شپږویشت لکهه روپئ ئې د هغه نه اوړے دی۔ د هغې نه څه ورځے بیا د یو کپړے دوکان لوټ شو، نو د انتظامیه باره کښې مونږه دا

معلومات غواړو چې یره دا اوده ده که دغه، ولے دکانداران د عدم تحفظ شکار دی؟ یو ورځے دکاندارانو بیا هړتال اوکړو، ټول بازار ئے بند کړو۔ نو زما دا خیال دے چې زمونږه دا صاحبان په دې باره کښې ښه د سخت اقداماتو اعلان اوکړی او انتظامیه هلته کښې بیداره شی کنه عوام بیا خپل ځان له به څه سوچ کوی چې یره خپل تحفظ د پاره څه شروع کوی؟

<u>جناب سپیکر:</u> نظام الدین صاحب لاء اینډ آرډر سیچویشن چې کوم دے، په ایجنډه باندې آئټم پروت دے۔ ان شاءالله تاسو ټولو ممبرانو ته به پورا پورا موقع درکؤ مونږه۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ٹی بریک کے بعد آپ کر سکتے ہیں۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر:</u> جی،Next item۔ جناب گورسرن لال صاحب، ایم پی اے کی طرف سے رخصت کی درخواست موصول ہوئی ہے جنہوں نے 19 سے 24 تاریخ تک کے لئے چھٹی مانگی ہے جو بغرض منظوری میں ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The "Ayes" have it. Leave is granted.

بجلی کے خالص منافع پر بحث

<u>جناب سپیکر:</u> آج بجلی کے خالص منافع پہ بحث میں حصہ لینے والے جن معزز اراکین کی طرف سے اسمبلی سیکرٹریٹ کو نام موصول ہوئے ہیں، ان میں پہلا نام شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب کا ہے۔

<u>Shahzada Muhammad Gustasip Khan (Opposition Leader):</u> I am very grateful to you that you have given men the first chance.

لیکن میں یہ چاہوں گا کہ مجھے ذرا بعد میں چانس دیں پہلے عبدالاکبر خان صاحب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں اگر آپ اپنا وقت ان کو دے دیں تو بہتر رہے گا۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف):</u> اپنا وقت تو نہیں دیتا لیکن چونکہ میں رات کو ذرا لیٹ آیا ہوں۔ میں لکی گیا ہوا تھا اس لئے عبدالاکبر خان صاحب بڑے اچھے Prepared بھی ہیں۔

And we would like to listen to him first. Thank you, Sir.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, how he can say that I am prepared?

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب! یہ ان کی Dictation نہیں ہے۔ میرے پاس Second Number پر آپ کا نام ہے۔ تو آپ یہ نہ سمجھیں کہ شہزادہ صاحب نے چیئر کو Dictation دی ہے۔ جناب عبدالاکبر خان صاحب، پلیز۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you. Janab-e-Speaker.

جناب سپیکر میں مشکور ہوں۔

جناب سپیکر: وقت بہت کم ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: کم ہے جی؟

جناب سپیکر: جی جی۔

محترمہ نسرین خٹک: یہ اپنا وقت کسی کو دے دیں جی۔

جناب سپیکر: جی، تجویز ہے کہ آپ اپنا وقت کسی کو دے دیں تو بہتر رہے گا۔

جناب عبدالاکبر خان: میں جی دے دوں؟

جناب سپیکر: تجویز آئی ہے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! بار بار یہ مسائل اس اسمبلی میں ہم اٹھاتے ہیں تو ہمارا مقصد اس کے پیچھے یہ نہیں ہوتا کہ ہم اس اسمبلی کا وقت ضائع کریں ہمارا مقصد یہ ہوتا ہے کہ یہ ایشوز جو Confront کر رہے ہیں اس صوبے کے عوام کو ان ایشوز کو ہم بار بار اٹھائیں، بار بار ان پر بحث کریں تاکہ جو لوگ فیصلہ کرنے والے ہیں، وہ بھی اسمبلی کے ان ممبران کے خیالات سے آگاہ ہوں اور ہم سمجھتے ہیں کہ چونکہ پریس جمہوریت کا چوتھا ستون ہوتا ہے، وہ بھی ان ایشوز کو Highlight کرے صرف ہمارے بیانات کی حد تک نہیں جناب سپیکر، بلکہ اگر وہ ان پر آرٹیکلز بھی لکھیں تو یہ انتہائی مناسب بات ہو گی کیونکہ ہم بار بار یہ جو بات کرتے ہیں تو اپنے ممبران کو سنانے کے لئے تو نہیں کرتے۔ جناب سپیکر، کیونکہ یہ تو خود ہم سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ ایشوز جو آئندہ انتہائی شدت اختیار کریں گے اس پر اس صوبے کے عوام اور ہمارے خلاف اکثر یہ پروپیگنڈہ ہوتا ہے کہ اسمبلی میں ایشوز پر بحث نہیں ہوتی لیکن جب ہم ایشوز پر بحث کرتے ہیں تو پھر ان ایشوز کو صحیح طریقے سے Highlight نہیں کیا جاتا جناب سپیکر! آپ یقین کریں کہ ہر سال واپڈا

کا Estimate ہے جو وہ خود پیش کرتے ہیں میں ان کو دیکھتا ہوں اور پھر حیران رہتا ہوں کہ ہمارے صوبے کے ساتھ یہ زیادتی کیوں ہو رہی ہے؟ جناب سپیکر! آپ آئین کے آرٹیکل 161 کو دیکھیں جو Main ہے 'Distribution of revenues between the Federation and the Provinces' یہ اس کی Main heading ہے مطلب یہ ہے کہ اس Chapter کی Main heading یہی ہے، اس میں آرٹیکل (2)161 کو دیکھیں "The net profit earned by the Federal Government, or any undertaking established or administered by the Federal Government from the bulk generation of power at a hydro electric station shall be paid to province in which the hydro-electric station is situated." صاف بالکل جی، اس میں کوئی Ambiguity نہیں ہے جس صوبے میں ہوگا، اسی صوبے کو ملے گا اب پھر کہتا ہے کہ کیسے Net profit کو آپ Compute کریں گے Net profit سے مطلب کیا ہے؟ تو یہ Explanation میں کہتے ہیں کہ "For the purposes" یہ میرے خیال میں اس Constitution میں شاید ہی کسی اور آرٹیکل میں اس طرح کی Explanations، ایک یا دو کی اگر اور ہوں مجھے سمجھ نہیں آرہی لیکن میرے خیال میں کسی آرٹیکل میں اس طرح کی Explanation کا ذکر نہیں ہے لیکن خاص کر اس آرٹیکل میں ہے "For the purposes of this clause net profits shall be computed by deducting from the revenues accreting from the bulk supply of power from the bus bars of a hydro electric station at a rate by the Council of Common Interests the operating expenses of the station, which shall include any sums payable as taxes, duties, interest or return on investment, and depreciations and element of obsolescence, and overheads and provision for reserves" جناب سپیکر! صاف بات ہے کہ Council of Common Interests اس کی Determination کرے گی۔ میں آئین کے آرٹیکل 154 کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں جناب سپیکر یہ Council of Common Interests نے اس چیز کے متعلق، Net profit کے متعلق ہے۔

Mr. Speaker: 'Functions and rules of procedure'.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جی ہاں، The Council shall یعنی یہ (Council of Common Interests) "The Council shall formulate and regulate policies in relation to matters in part II of the Federal Legislative List and, in

so far as it is in relation to the affairs of the of the Federation, the matter in entry 34 (electricity) in the Concurrent Legislative List.”

یعنی ادھر تو 161 میں کہا ہے کہ Council of Common Interest کرے گی اور یہاں پر اس کی Functions میں ڈال دیا ہے کہ یہ بھی آپ کی Constitutional duty ہے کہ آپ اس چیز کے لئے Formulate کریں گے، طریقہ کار بنائیں گے اور جناب سپیکر! یہ Provision بھی پوری ہو گئی ہے، پہلے والی Provision بھی اور دوسری بھی پوری ہو گئی ہے اور یہ اے جی این قاضی Council of Common Interest نے جناب سپیکر، اے جی این قاضی کو کہا ہے کہ آپ ایک فارمولا بنائیں کہ ہم کیسے اس Net profit کو کریں، کون کونسے اخراجات اس سے نکالیں اور کس طرح Determination کریں، اور جناب سپیکر، اے جی این قاضی وہی شخص ہے جو میرے خیال میں پاکستان میں سب سے زیادہ اہم عہدوں پر رہ چکے ہیں اور اس نے جب یہ فارمولا بنایا تو اس نے یہ کہا کہ میں نے ایسا فارمولا دیا ہے کہ جس کو دسویں جماعت کا طالب علم بھی یعنی یہ اس کے الفاظ تھے کہ اس کو دسویں جماعت کا طالب علم بھی جان سکتا ہے اور اس پر عمل کر کے آپ Net profit کو وہ Determine کر سکتا ہے اس کا فارمولا کیا ہے؟ Simple جناب سپیکر! کتنی جنریشن ہو رہی ہے، کتنے یونٹس جنریٹ ہو رہے ہیں، کتنا آپ کا ٹرانسمیشن پر خرچہ ہے کتنا آپ کا ڈسٹری بیوشن پر خرچہ ہے؟ یہ تمام خرچے اس میں ڈال کر فی یونٹ آپ کی Cost آجائے گی اور فی یونٹ آپ کی سیل جتنی ہے، اس سے آپ وہ Minus کر لیں یعنی جتنا خرچہ آئے گا، جتنی آپ بجلی فروخت کرتے ہیں، اس سے یہ پیسے نکالیں، بس آپ کا Net profit آجائے گا اور پھر انہوں نے اسی کو 85-1984 جناب سپیکر، Determine کیا کہ اس وقت، میں سینیئر وزیر صاحب کی توجہ چاہتا ہوں، جناب سپیکر، 85-1984 میں بجلی کی قیمت 49 پیسے فی یونٹ تھی، بجلی کی یہ قیمت تھی، 11.70 پیسے اس کی Distribution cost تھی اور transmission cost 7.33 paisa’s تھی یعنی یہ دونوں ملا کر 19 پیسے بن جاتے ہیں، 49 پیسوں سے 19 پیسے نکالیں جناب سپیکر، تو 30 پیسے رہ جاتے ہیں تو 1984-85 میں انہوں نے کہا کہ 30 پیسے کے حساب سے آپ کا نٹ پرافٹ بنتا ہے۔ یہ آج سے بیس سال پہلے کی جناب سپیکر، بات ہے۔ آج آپ کا تربیلہ جناب سپیکر، واپڈا خود اپنی جوان کی کتاب ہے، میں اس کو Quote کرتا ہوں، ہو سکتا ہے کہ اس میں بہت سے Discrepancies ہوں لیکن یہ واپڈا کی Annual

report 2001-02 ہے،ان کی رپورٹ کے مطابق تقریباً پندرہ بلین، پندرہ ارب یونٹس صرف تربیلہ پیدا کرتا ہے۔ پھر آپ کا چین، کرم گڑھی اور وارسک، یہ جو چھوٹے چھوٹے آپ کے ڈیمز ہیں، ان کو ملا کر تقریباً اٹھارہ ارب یونٹس آپ کی بجلی پیدا ہو رہی ہے، یہ آپ کے اس صوبے کا حق ہے، آپ کو ملتے ہیں چھ ارب، ہمیں ملتے ہیں چھ ارب مطلب یہ ہے کہ وہ تیس پیسے کے حساب سے ہم کو Payment کر رہے ہیں اور یہ ان کی جو رپورٹ ہے، اس کے Page پر یہ دیکھیں جناب سپیکر، Benefit Rupees Million at the rate of Rs. 0.30 per unit مطلب یہ ہے کہ تیس پیسے، یعنی آج بھی وہ آپ کو وہی دے رہے ہیں 85-1984 میں جب اے جی این قاضی نے کہا کہ Cost نکال کر آپ کا نٹ پرافٹ تیس پیسے بنتا ہے۔ جناب سپیکر آج بھی اس صوبے کو تیس پیسے فی یونٹ کے حساب سے پیسہ ملتا ہے ہم جو بار بار چیخ رہے ہیں، ہم جو بار بار اس اسمبلی میں آواز اور ہر فورم پر آواز اٹھاتے ہیں کہ یہ ناانصافی ہے۔ اگر 1% 2% or 3% بھی ہو تو اس کو نظر انداز کی بھی جا سکتا ہے، اس پر آنکھیں بند بھی کی جا سکتی ہیں اس کو در گزر بھی کیا جا سکتا ہے جناب سپیکر، لیکن 1984 میں اور آج 2003 بلکہ اب 2004 شروع ہونے والا ہے تو تیس پیسے یونٹ کہاں بجلی ہے چلیں خرچہ بھی ڈال کر انچاس پیسے کر لیں، پچاس پیسے کر لیں کہاں ہے؟ میں پھر بھی اپنے ہی کو Confront کر رہا ہوں۔ اسی کتاب میں شاید ان سے غلطی ہو گئی ہو کہ انہوں نے یہ لکھا ہے، میں ابھی ان کو Confront کرتا ہوں کہ ریٹ کیا ہے؟ جناب سپیکر! یہ خود لکھتے ہیں The income projection estimated on the basis of average sale price اب جناب سپیکر، دیکھیں Average sale price is Rs. 3.80 per KV hour یعنی 3.80 per unit کہتے ہیں کہ یہ ہماری Sale price ہے Average sale price یہ خود کہتے ہیں 3.80 کا مطلب ہے کہ 380 پیسے، ہم پھر بھی نہیں مانتے کیونکہ انڈسٹریل اور کمرشل کے ریٹ بہت زیادہ High ہیں لیکن اگر چلیں ان کے حساب کو لے لیں اور 380 پیسے لے لیں اور اگر یہاں انچاس پچاس پیسے پر انیس پیسہ خرچ آرہا تھا تو انیس پیسے تو Almost 1/3 ہو گیا اگر 1/3 خرچہ آتا ہے تو 380 کا 1/3 نکال کر، تقریباً 120 پیسے آپ خرچہ نکالیں تو 260 پیسے آپ کا فی یونٹ Cost ہے، وہ آرہا ہے۔ آپ کو ملتے ہیں تیس پیسے، آپ کا حق بنتا ہے 260 پیسے ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن دونوں کا 120 پیسے خرچہ نکال دیں پھر بھی آپ کا بنتا ہے جناب

سپیکر، 260 پیسے اور آپ کو ملتے ہیں تیس پیسے، آپ تیس کو 260 پر تقسیم کرلیں تو Almost 9 times less یعنی نو پر ضرب دے دیں تو 270 بنتے ہیں آٹھ سے ضرب دے دیں تو 240 پیسے بنتے ہیں چلیں نو کو بھی چھوڑیں آٹھ بھی کرلیں تو آٹھ گنا یعنی مطلب یہ ہے کہ تیس پیسوں کا آٹھ گنا 240 کر دیں جناب سپیکر، تو مطلب ہے کہ 48 billion آپ کا Right ہے جناب سپیکر، ان کے حساب کتاب کے مطابق یہ جو خود کہہ رہے ہیں کہ یہ ہمارا Sale price ہے میں یہ نہیں کہتا کہ Sale price ہے اب جناب سپیکر، اگر ایک کروڑ روپے کی بھی کمی یہ صوبہ برداشت نہیں کرسکتا لیکن چلیں اگر ایک بلین، دو بلین ہم کہتے ہیں کہ ہم بہت غریب ہیں، خیر ہم ان کو خیرات بھی دے سکتے ہیں لیکن جناب سپیکر! Eight multiply by six تو Forty eight billion ان کے حساب سے اگر نو پر ضرب دیتے ہیں تو 9x6=54 تو 54 billion یا 48 بھی کرلیں اور 6 billion نکال دیں تو 42 billion per year آپ کو کم مل رہے ہیں اور جناب سپیکر، قبریں تو ہمارے آباواجداد کی ہیں جو پانی میں ڈوب گئی ہیں گھر تو ہمارے صوبے کے رہنے والوں کے ہیں ہزاروں گھر اس میں ڈوب گئے ہیں جناب سپیکر۔ ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں اور وہ دربدر کی ٹھوکریں آج بھی کھا رہے ہیں، ان کو اپنا وہ معاوضہ نہیں مل رہا اور دس ملین ایکڑ فٹ پانی جو وہ چھوڑ رہے ہیں نیچے سندھ اور پنجاب کو دس ملین ایکڑ فٹ کا مطلب ہے کہ ایک کروڑ ایکڑ، جناب سپیکر، اب میں کیا کیا حساب آپ کو دوں؟ اگر ہم دو کروڑ جریب، ہم پشتو میں اس کو جریب کہتے ہیں ایک ایکڑ دو جیرب کا ہوتا ہے، تو اب اگر آپ ایک ہزار روپے جریب بھی اس کی اوسط نکالیں تو Twenty billion تو وہ لے رہے ہیں یہاں نیچے پانے کا اور ہمیں مل رہے ہیں چھ بلین ایک کروڑ ایکڑ جناب سپیکر۔ اگر آپ دس ایکڑ Per Family کرلیں تو دس لاکھ خاندانوں کو اسی پانی سے وہاں پر روزگار ملا ہے نہ صرف یہ کہ بیس ارب وہ صوبے لے رہے ہیں بلکہ دس لاکھ گھروں کو اس ایک کروڑ ایکڑ جو زمین سیراب ہو رہی ہے، اس پانی سے مل رہا ہے اور ہمیں کیا مل رہا ہے؟ آپ جناب سپیکر، کہتے ہیں کہ ان زیادتیوں کو کب تک برداشت کیا جائے گا جناب سپیکر، اور میں بار بار یہ کہتا ہوں کہ یہ باتیں آج سے بیس سال پہلے بڑی کڑوی لگتی تھیں جو آج ہم بات کر رہے ہیں اور آپ سارے ممبران صاحبان سن رہے ہیں، یہ اگر آج سے بیس سال پہلے کوئی یہ کہتا تو ان کی یہ باتیں کڑوی ہوتیں اس کو پتہ نہیں کون کیا کیا کہتے تھے، آج بیس سال کے بعد یہ باتیں میٹھی لگتی

شروع ہو گئیں ہیں۔ یہ ایک خطرناک Trend ہے جناب سپیکر! کہ جو بات آج سے بیس سال پہلے کڑوی لگتی تھی، وہ آج میٹھی ہو گئی ہے۔ پتہ نہیں پانچ سال بعد کیا ہو گا؟ جناب سپیکر! میں آتا ہوں غازی بروتھا پر، جناب سپیکر! آپ اس میں دیکھیں A major run of river an environmentally sustainable power project designed to need the acute shortage of power in the country جناب سپیکر! ایک طرف کہتے ہیں کہ IPP's کی وجہ سے Two thousand Megawatt بجلی پیدا ہو رہی ہے، اس کو خرچ کوئی نہیں کر رہا ہے، دوسری طرف کہہ رہے ہیں کہ Acute shortage f power کے لئے ہم غازی روتھا Run of river پر بنا رہے ہیں اور جناب سپیکر، Twenty billion rupees اس پر تقریباً خرچ ہو رہے ہیں یا خرچ ہو گئے ہیں 1450 M W بجلی وہ پیدا کریں۔ صرف ان کا کام یہ ہے یعنی وہ کوئی Reservoir نہیں ہے کہ کسی زمین کو پانی دے دے وہ صرف یہاں اٹک کے نیچے گارج کے نیچے ڈال کر اسی پر اور کہتے ہیں Acute shortage of power کے لئے ہم نے غازی بروتھا بنایا ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ آئی پی پیز دو ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کرتی ہے اور اس کو لینے والا کوئی نہیں ہے، اس کو استعمال کرنے والا کوئی نہیں ہے تو پھر غازی بروتھا کی کیا ضرورت ہے؟ اور ہم جب کہتے ہیں کہ اس کا Seven km pond غازی بروتھا کا جو نیچے Downstream Terbela کا Pond ہے Seven km وہ صوبہ سرحد میں ہے۔ تقریباً بیس پچیس کلو میٹر لمبی نہر بھی صوبہ سرحد سے گزر کر جاتی ہے۔ ہیڈ ورکس اس کا صوبہ سرحد میں ہے جو Down stream علاقہ ہے، وہ بھی اس وقت صوبہ سرحد کا Affect ہو رہا ہے اور آج آپ ریکارڈ نکالیں کہ وہاں پر جو Affected ہیں ان کو کسی طرح یعنی کینال اگر جاتی ہے تو ایک طرف صوبہ سرحد ہے اور ایک طرف پنجاب ہے جناب سپیکر۔ بعض جگہوں پر، صوبہ سرحد کے لوگوں کو کس ریٹ پر Compensation ملی ہے اور پنجاب کی لوگوں کو کس ریٹ پر Compensation ملی ہے؟ ہم Displace ہو گئے تو صرف Compensation کے لئے؟ کوئی اپنا گھر، کوئی اپنا خاندان، کوئی اپنی قبریں، کوئی اپنے آباواجداد کی قبریں Compensation کے لئے نہیں چھوڑتا جناب سپیکر! کیا ملتا ہے ہمیں غازی بروتھا سے؟ غرق تو ہمارا صوبہ ہو رہا ہے۔ ہم نے یہاں اسمبلی سے قرارداد پاس کیں کہ اگر پیسے نہیں دے سکتے تو دو ڈھائی سو میگا واٹ بجلی دے دوں تاکہ جو سدرن ڈسٹرکٹس ہیں، چونکہ وہاں پر لفٹ کے بغیر آپ پانی نہیں دے سکتے،

لاکھوں ایکڑ زمین بنجر اس طرح پڑی ہوئی ہے لاکھوں ایکڑ زمین پانی کے لئے ترس رہی ہے لیکن چونکہ لفٹ پر خرچہ اتنا آتا ہے کہ وہ Feasible نہیں ہوتا کہ اس پر وہ کاشت کر سکیں تو ہم نے یہاں اسمبلی نے قرارداد پاس کیں کہ جی تین سو میگاواٹ دے دو 1450 میں سے دو سو میگاواٹ دے دو، سو میگاواٹ دے دو تا کہ ہم اپنے حصے کا پانی جو نیچے چلا جارہا ہے، اگر آپ کہتے ہیں تو؟۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ جاری رکھیں۔

جناب عبدالاکبر خان: ہم کہتے ہیں کہ اسی بجلی سے جو مفت ہمیں غازی بروتھا سے، شیئر میں پیسہ ہم نہیں مانتے کیونکہ ہمیں پتہ ہے کہ پیسہ نہیں ملے گا تو اس بجلی کے شیئر میں اگر ہمیں 1/3, 1/4, 1/5 or 1/6 حصہ دے دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے حصے کا پانی لفٹ کر کے سارے سدرن ڈسٹرکٹس کو سیراب کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر! اب بات ایک جگہ تک پہنچ چکی ہے، حق ہے ہمارا چالیس، پچاس بلین، میں سراج الحق صاحب سے اس بات پر Agree نہیں کرتا کہ وہ کہتے ہیں کہ جی ہمارے 18 or 17 ارب کیوں ہم 18 or 17 ارب کی بات کریں؟ Though کہ یہ ہمیں اب بہت زیادہ لگتے ہیں کہ چھ کی بجائے سترہ، اٹھارہ مل جائیں تو یہ ہمارے لئے بہت ہیں لیکن اپنے حق کو ہم کیوں Forgo کریں جو ہمارا Right ہے، جو ایک حق ہے ہم اس کو کیوں اس طرح کریں کہ چھ کی بجائے اٹھارہ بہت زیادہ ہیں؟ نہیں، جو ہمارا حق ہے وہ ہمیں ملنا چاہئیے، جناب سپیکر! نہ صرف اس میں بلکہ اس دن جب میں نے تحریک التواء پیش کی، آپ نے مہربانی کی اسے اس ہاؤس نے اسے ایڈمٹ بھی کیا کہ 29 بلین تو آپ سندھ کو دے رہے ہیں، صرف ایک کراچی کو روجھان جمالی اور نصیر آباد کو ایک ایک ارب روپے ایک ایک ڈسٹرکٹ کو مل رہے ہیں اگر 29 ارب روپے پریذیڈنٹ اس صوبہ سرحد کو دے دیں تو 25 کروڑ، میں نے حساب لگایا ہے جو سارے ایم پی ایز ہیں 25 Crore per Constituency آتے ہیں تو ایک شہر کو 29 بلین دے رہے ہیں اور یہاں بھی ہمیں مار دے رہے ہیں۔ 160 ارب روپے جناب سپیکر، فیڈرل اے ڈی پی ہے، 160 ارب روپے انہوں نے جو فیڈرل اے ڈی پی بنائی ہے، 160 ارب روپے کی جس میں ہمارے صوبے کا شیئر آپ پاپولیشن کے حساب سے بھی کریں تو بیس، اکیس ارب بنتے ہیں۔ کیا وہ بیس، اکیس ارب روپے اس صوبے پر لگ رہے ہیں؟ کیا سنٹر نے وہ بیس ارب یا اکیس ارب روپے سالانہ اس صوبے کو دیئے ہیں؟ جناب سپیکر! کس کس

چیز کارونا ہے میں درخواست کرتا ہوں اخبار والوں سے کہ ہم تقریر تو کرتے ہیں کہ بات ختم ہو جائے گی۔ آپ خدا کے لئے اس چیز کو Highlight کریں، اپنے آرٹیکلز میں کرلیں۔ جناب سپیکر! میں سراج صاحب سے درخواست کرتا ہوں اور میں اس ہاؤس سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ آپ دیکھیں بجلی یہاں پر پیدا ہو رہی ہے اور اس کا جو ہیڈ کوارٹر ہے، وہ لاہور میں ہے واپڈا ہاؤس لاہور میں ہے۔ جناب سپیکر! اسلام آباد میں سیون سٹوری بلڈنگ بنی ہے، لیکن نہیں آرہے۔ نیول ہیڈ کوارٹر تو آگیا ہے، سارے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد شفٹ ہوگئے ہیں لیکن واپڈا ہاؤس لاہور سے اسلام آباد نہیں آرہا۔ جناب سپیکر! کتنے کارخانے لگے لاہور میں؟ میں نے ایک دفعہ دیکھا تھا کہ لاہور ڈویژن کی جو ساری انکم ہے، اس کی 50% سے زیادہ واپڈا ہاؤس نے، جو واپڈا والوں نے کارخانے لگائے ہیں ان سے جو بزنس Create ہوتا ہے، وہ سب کچھ ملا کر 50% صرف واپڈا ہاؤس سے ہو رہا ہے۔ کیونکہ اسلام آباد نہیں لا رہے ہیں چلیں ایک قرارداد پیش کرتے ہیں کہ واپڈا ہاؤس کو جبکہ ان کی بلڈنگ بنی ہوئی ہے، سب کچھ ہو بھی گیا ہے کیوں اسلام آباد شفٹ نہیں کیا گیا؟۔۔۔(تالیاں)۔۔۔کیوں شفٹ نہیں کیا گیا؟ جب سب کے ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں ہیں، تو ایک واپڈا کا کیوں وہاں پر ہے؟ وہ اس لئے جناب سپیکر، کہ جب وہ یہاں شفٹ ہو جائیں گے تو پھر ہمیں اور بھی بہت سی چیزیں نظر آئیں گی، پھر ہم اور بھی بہت سی چیزیں سمجھ لیں گے۔ Thank you جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: شکریہ جناب سپیکر۔ مجھے تو علم نہیں تھا کہ آج Net profits کے حوالے سے بات ہو رہی ہے لیکن جیسے عبدالاکبر خان نے اپنی تقریر میں فرمایا Net profits کے حوالے سے، یہ اتنا Important issue ہے کہ چاہے اس پر تیاری ہو یا تیاری نہ ہو لیکن میں ضروری سمجھتا ہوں کہ چند الفاظ اس کے لئے کہنا میرا فرض بنتا ہے۔ جناب سپیکر! عبدالاکبر خان نے تو اس کا ایک Constitutional آئینی پہلو آپ کے سامنے رکھ دیا ہے کہ آرٹیکل 161 کے تحت نیٹ پرافٹ اس صوبے کا حق بنتا ہے اور حق بھی ایسے بنتا ہے کہ آئین اسے Protection دیتا ہے، اس کی Guarantee دیتا ہے، اس کی سیکیورٹی آپ کو دیتا ہے کہ چونکہ یہ Hydle project جو ہے، یہ اس صوبے کا حق ہے لہذا ہر حالت میں صوبہ

سرحد کو یہ حق ملنا چاہئیے۔ جناب سپیکر! میں اس کا ایک دوسرا رخ، نٹ پرافٹس کے حوالے سے ہمیں جو نقصان ہو رہا ہے، اس صوبے کو ہو رہا ہے اور بیشتر اوقات ہم جو واویلا کرتے ہیں اپنے Developmental side کے حوالے سے کہ ہمارا صوبہ ترقی نہیں کر رہا اور ہمارے لئے معاشی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں تو اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے صوبے کا، اگر اے ڈی پی پر ایک نظر ڈالیں تو آپ کی اے ڈی پی کا سائز تقریباً کوئی 48 بلین روپے کا بنتا ہے اور جناب والا، یہ 48 بلین روپے، جو کہ آپ کا Consolidated fund ہے، اس کو اگر آپ Bifurcate کر کے دیکھیں کہ Consolidated fund، صوبے کو یہ پیسہ آپ کے فیڈرل Divisible pool سے ملتا ہے تو یہ پیسہ آپ کہاں سے لے کر آتے ہیں؟ جناب والا، سب سے پہلے ایک تو آپ کے Provincial Receipts ہوتے ہیں جو آپ کے اپنے صوبے کی آمدن ہوتی ہے اور اس کے علاوہ تین چیزیں اور ہوتی ہیں جو اس Federal Divisible pool میں ملا کر اس کو Consolidated fund کا نام دیا جاتا ہے اور اس فنڈ سے پھر چاروں صوبوں کو یہ پیسے ایک خاص Criteria، ایک خاص فارمولے کے تحت تقسیم کئے جاتے ہیں تو جہاں آپ کے Provincial Receipts ہیں، وہ آپ کے تمام بجٹ جو صوبہ سرحد کا 48 بلین بجٹ ہے، بدقسمتی ہماری یہ ہے کہ وہ آپ کے تمام بجٹ کا کہ تمام صوبہ سرحد کے مواصلات تمام دس فیصد ہیں اس تمام بجٹ کے جو کہ ہمیں پیسہ ملتا ہے 90% ہمارے صوبے کا انحصار ہے، آپ Rely کرتے ہیں فیڈرل گورنمنٹ پر، Federal divisible pool پر اور آپ اگر Provincial Receipts بھی اس میں سے نکال دیں تو سب سے اہم چیز جو اس صوبے کی Source of income ہے وہ ہے جناب والا، آپ کا نٹ پرافٹ نمبر ایک، اور نمبر دو ہے جناب والا، آپ کے وہ ڈونرز، جو گرانٹس کی شکل میں اور Loan کی شکل میں پیسہ آپ لوگوں کو دیتے ہیں اور جناب والا، اس کے علاوہ تیسری چیز آپ کے جنرل سیلز ٹیکس GST، تو جناب والا، وہ دس فیصد اس میں سے نکال لیں تو 90% آپ کا انحصار مرکز کے ان پیسوں پر ہے جن کے لئے آج ہم اپنے حقوق کے لئے خیرات مانگ رہے ہیں اور اپنے حقوق کے لئے ہم یہاں پر واویلا کر رہے ہیں۔ جناب والا! نٹ پرافٹ کی حوالے سے جیسے عبدالاکبر خان نے اپنی تقریر میں آپ کو Facts and figures دے کر بتایا ہے کہ اس وقت آپ کی جو جنریشن ہے اور جس فارمولے کا ذکر انہوں نے کیا تو آپ اے جی

این قاضی فارمولے سے بخوبی واقف ہوگئے ہیں، کہ آپ کا پروڈکشن کیا ہے؟ وہ آپ کی Generating cost ہے، وہ آپ کی ٹرانسمیشن لائن ہے، وہ آپ کی ڈسٹری بیوشن ہے لیکن ایک چیز جناب عبدالاکبر خان بھول گئے تھے جو وہ ہمارے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں اور وہ ہوتے ہیں آپ کے Line loses وہ جو ٹرانسمیشن میں آپ کی بجلی کی جو چوری ہو جاتی ہے تو جناب والا! آپ سے Generating cost نکال کر، آپ سے ٹرانسمیشن لائن کا خرچہ نکال کر، آپ سے ڈسٹری بیوشن کا خرچہ نکال کر اور باقی چیزیں جو آپ کو دینی چاہیئے تھیں، ان میں جناب والا، جو Loses ہو جاتے ہیں، جو نقصانات ہو جاتے ہیں، وہ نقصانات بھی ہمارے صوبہ سرحد کی کھاتے میں ڈال دیتے ہیں اور بد قسمتی سے اگر آپ ان Loses کا ایک تخمینہ نکالیں، ایک مجموعہ نکالیں اور ان کا ایک Average نکالیں تو میرے غلط اندازے کے مطابق Loses، پورے پاکستان میں آپ کی بجلی بکھری ہوئی ہے، ان Loses کی خالی قیمت کا اگر آپ اندازہ لگائیں تو اس کی خالی قیمت تقریباً کوئی تیرہ ارب روپے بنتی ہے۔ اب وہ تیرہ ارب روپے بھی آپ کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں اور جناب والا، میں اس کی مثال ایسے ایک عرف عام میں، ایک عام طریقے سے آپ کو یہ دیتا ہوں جیسے آپ اپنے نوکر کو سو روپے دے دیتے ہیں اور اسے آپ بازار بھیجتے ہیں اور اسے آپ کہتے ہیں کہ آپ سودا خرید کر لائیں اور وہ بازار جا کر آپ کو چالیس روپے یا پچاس روپے کا سودا تو لے آتا ہے لیکن آپ کو ساتھ یہ بھی بتا دیتا ہے کہ جناب والا، میں پچاس روپے اور ساٹھ روپے کا سودا تو لے آیا ہوں لیکن بقایا روپے مجھ سے گر گئے ہیں، یہ پیسے مجھ سے گم ہو گئے ہیں جو کہ مالک کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں تو کیا آپ اس کو اپنا نقصان سمجھیں گے؟ ہر روز آپ کا نوکرا گر جائے اور ہر روز اگر بیس تیس روپے اس سے گر جائیں اور وہ آپ کے کھاتے میں ڈالتا جائے تو چالیس روپے کا روزانہ کا سودا آپ کو سو روپے میں پڑے گا۔ جناب والا! اس طریقے سے جہاں ہمارے اس صوبے کو اور مشکلات ہیں اور مرکز سے ہم یہ کہتے ہیں، آپ اگر اپنی اے ڈی پی کو دیکھیں تو 48 ارب روپے کی ہماری اے ڈی پی ہے اور بجٹ بنانے سے پہلے بھی ہم شور مچاتے رہے لیکن اس میں ہماری حکومت کا کوئی قصور نہیں، یہ تو ایک طریقہ کار چلا آرہا ہے کہ آپ جب اپنا بجٹ Prepare کرتے ہیں، آپ اپنی اے ڈی پی بناتے ہیں تو آپ وہاں پر ایک Figure project کرتے ہیں نٹ پرافٹ کے حوالے سے، اور وہ Figure جو کہ اس 2003-04 کے اے ڈی پی میں پروجیکٹ کی گئی ہے، وہ سترہ

ارب روپے پروجیکٹ کی گئی ہے۔ یہ بالکل آپ کا Claim ہے، آپ کا حق ہے، ہمارا حق جیسے ان کے حساب سے بنتا ہے تو میں تو کہتا ہوں کہ آج بھی 25 ارب روپے حکومت اگر ہمیں سالانہ دے، اس صوبے کو دے تو وہ بھی کم ہیں لیکن پھر ہم اگر اس کو ایک طریقے سے پروجیکٹ کرتے ہیں تو آپ سترہ ارب روپے کے حوالے سے اپنی اے ڈی پی میں پروجیکشن کرتے ہیں۔ آپ کو پیسہ ملتا ہے چھ ارب روپے لیکن اس کے اوپر بھی بد قسمتی یہ ہے کہ وہ چھ ارب روپے بھی ایک تو آپ کو وقت پر وہ پیسہ نہیں ملتا اور دوسرا یہ کہ مرکز آپ سے ان چھ ارب روپوں میں سے بھی تقریباً دو ڈھائی ارب روپے At source کاٹ لیتا ہے۔ وہ یہ کہتے ہیں، ان کا یہ دعویٰ ہے کہ جتنے بھی ڈیپارٹمنٹ صوبہ سرحد کی ہیں، چاہے وہ ایریگیشن ہے، چاہے وہ پبلک ہیلتھ ہے، چاہے وہ ہیلتھ ہ، چاہے وہ کمیٹیز ہیں، چاہے وہ جو بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں، وہ جو بجلی خرچ کرتے ہیں، ان کے یوٹیلٹی بلز ادا نہیں ہوتے، لہذا اربوں روپوں کا انہوں نے آپ کے اوپر دعویٰ کیا ہوا ہے اور جب تک یہ دعویٰ آپ کے اوپر مرکز کا رہے گا یہ Cap to freeze انہوں نے آپ کے نٹ پرافٹ پر لگایا ہوا ہے۔ اگر صوبہ سرحد لاکھ بھی ان کے پیسے دے، لاکھ بھی ان کی منتیں کرے، وہ پہلے اپنا حساب آپ سے چکائیں گے، اس کے بعد آپ کو پیسہ دیں گے اور جناب والا، پھر آپ کو اس Projected amount میں جو نقصان ہوتا ہے، At source ان چھ ارب روپے میں سے بھی آپ کے دو تین ارب کٹ جاتے ہیں تو آپ کے کھاتے میں نٹ پرافٹ کے حوالے سے آپ اپنی اے ڈی پی اور Departmental budget کے حوالے سے عرض کر رہا ہوں کہ خالی اس میں جو Short fall، کمی واقع ہو جاتی ہے، وہ کمی، کم و بیش چودہ ارب روپے کی بنتی ہے اور چودہ ارب روپے کے برعکس اس کے عوض آپ اپنی Schemes اے ڈی پی میں پراجیکٹ کرتے ہیں۔ آپ بتاتے ہیں کہ ان چودہ، سترہ ارب روپے میں آپ کی کون کونسی سکیمز ہیں؟ یہ بالکل جناب والا، اپنے آپ کو دھوکا دینے والی بات ہے کہ آپ کو پیسہ ملتا ہے تین ارب روپے اور آپ پراجیکٹ کرتے ہیں سترہ ارب روپے، چودہ ارب روپے، آپ یہ کمی کہاں سے لے کر آئیں گے۔ آپ اپنے ان پراجیکٹس کو کیسے فنڈ کریں گے تو نقصان اس کا یہ ہوتا ہے کہ آج بھی آپ اپنی اے ڈی پی کو دیکھیں، آپ کی اس اے ڈی پی میں آپ کی بارہ سو سکیمیں Reflect کی گئی ہیں، بارہ سو سکیمیں، ہم نے جو اے ڈی پی بنائی ہے، اس میں ہم نے بارہ سو سکیمیں Reflect کی ہیں اور میرے خیال میں آج بھی،

ہمارے سینیئر منسٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اس چیز کی گواہی دیں گے کہ بارہ سو سکیموں میں سے ہم نے صوبہ سرحد میں اس سال کی آٹھ سو سکیموں کو ختم کر دیا ہے، آپ کی پاس صرف چار سو سکیمیں رہ گئی ہیں، آٹھ سو سکیمیں آپ نے ختم کر دی ہیں اس لئے آپ نے ختم کر دی ہیں کہ آپ کے پاس ان کے لئے کوئی پیسہ نہیں ہے۔ آپ ان کے لئے کہاں سے فنڈز دیں گے اور کہاں سے پیسہ دیں گے؟ اب آپ کی ڈونرز ایجنسیز ہیں، آپ ان کا کھاتہ بھی اپنی اے ڈی پی Project کرتے ہیں کہ جناب والا، یہ ایک شیخ چلی کا منصوبہ ہے کہ آنے والے وقتوں میں ہمیں ڈونرز ایجنسیز پیسہ دیں گی اور ڈونرز ایجنسیز بھی کوئی ایسے نہیں کہ آپ کو کروڑوں میں پیسہ دیتی ہیں، ڈونرز ایجنسیز بھی آپ کو اربوں میں پیسہ دیتی ہیں۔ جہاں آپ اربوں کا پیسہ اپنی اے ڈی پی میں Project کرتے ہیں لیکن وہ پیسہ حقیقتاً اگر آپ کو نہ ملے تو اس کا نقصان یہ جو چودہ ارب روپے کا Short fall ہوتا ہے تو وہ چودہ ارب روپے سے بڑھ کر تقریباً کوئی سترہ اٹھارہ ارب روپے بن جاتا ہے لہذا ہم بار بار، بار بار اپنے بجٹ میں اور اپنی اے ڈی پی میں مار کھاتے رہتے ہیں۔ جناب والا! ہمارے Net profits کے حوالے سے جیسے عبدالاکبر خان نے آپ کو Figures دیں، کیا اس وقت Generating cost ہے؟ آج بھی اگر آپ حساب لگا کر دیکھیں اور اس پر چارج بھی لگا دیں، اس پر سرچارج بھی لگا دیں، اس پر ٹیکسیز بھی لگا دیں، اس پر سب کچھ آپ لگا دیں تو اسی 80 پیسے کے حساب سے ایک دھیلا بھی آپ کے Per unit cost سے زیادہ آپ کا خرچ نہیں ہوتا لیکن جب آپ Domestic tariff دیکھیں، آپ اپنے Commercial tariff کو دیکھیں تو آپ کو پانچ روپے اور چار روپے ستر 70 پیسے حساب سے ٹیکسز کے علاوہ Domestic tariff آپ کا بنتا ہے۔ آپ اگر کمرشل کی حساب سے دیکھیں تو کمرشل سے آپ کا Tariff سات آٹھ روپے سے اوپر چلا جاتا ہے۔ جناب والا! آپ کو یہ بات تو Apparently اور ظاہراً بڑی چھوٹی سی لگتی ہے کہ ہم Net profits کے حوالے بات کرتے ہیں لیکن آپ اگر اپنے صوبے کے حالات کو دیکھیں، یہاں پر ہم بے روزگاری کی بات کرتے ہیں، یہاں پر ہم مہنگائی کی بات کرتے ہیں، یہاں پر ہم لاء اینڈ آرڈر کی بات کرتے ہیں تو یہ تمام چیزیں، جو بھی نقائص ہیں، نقصانات ہیں وہ آپ کے معاشی حالت وہ آپ کے فنانسز سے متعلق ہیں اگر یہ صوبہ فنانشل لحاظ سے اچھا ہوتا تو جناب والا، کرائمز ریٹ آپ کے صوبے میں میرے خیال میں Almost صفر ہو جاتا لیکن آپ ان جرائم کو، ان

نقصانات کو، یہ جو مشکلات ہیں، یہ جو چیلنجز ہیں جو آپ کو درپیش ہیں، جو ہمیں درپیش ہیں، جو حکومت کو درپیش ہیں، جو ان سب لوگوں کو درپیش ہیں وہ آپ کی معاشی حالت ہے اور اسی وجہ سے الحمدللہ صوبہ سرحد تو خدا کے فضل سے باقی صوبوں کے حساب سے دیکھیں تو ہم پھر بھی اپنے آپ کو بہتر سمجھتے ہیں۔ آج جناب والا، میں صبح جب لکی مروت سے آرہا تھا تو جیسے اس دن میاں صاحب نے فرمایا کہ راستے میں جلوس تھا، لوگ لوڈشیڈنگ سے تنگ آگئے، میں اس دن بھی کسی کے ساتھ مذاق کر رہا تھا، میں نے کہا کہ ہمارے لوگ چوریاں کیوں نہیں کریں گے، یہ بجلی کی Stealing کیوں نہیں کریں گے، آپ چاہیں، ہمارے علاقوں میں جا کر دیکھیں، کسی Remote علاقے میں جا کر دیکھیں وہاں پر تمام لوگوں نے کنڈے ڈالے ہوئے ہوتے ہیں، کیوں وہ کنڈے ڈالتے ہیں؟ کیا وہ اتنے مست ہیں کہ وہ چوری کرنے پر ضرور تلے ہوئے ہیں؟ نہیں، یہ ان لوگوں کی مجبوریاں ہیں۔ جب ایک آدمی سو روپے روزانہ کماتا ہے، تین ہزار روپے اگر اس کے ایک مہینہ کا بجٹ ہے تو آپ ایک بجلی کے حساب میں، اگر آپ اس کے گھر پانچ چھ سو، سات سو یا ہزار روپے کا بل بھجوا دیتے ہیں تو اس غریب بندہ کی جو بھی جمع پونجی ہوگی، جو بھی اس کی آمدن ہوگی، جو بھی اس کی کمائی ہوگی وہ تو ایک یوٹیلٹی بل میں، ایک بجلی کے کھاتے میں جمع کروا دیں گے۔ اس لئے لوگ مجبور ہو رہے ہیں کہ وہ بجلی کی چوری کریں اور جناب والا، ہم تو پہلے اس حساب سے سمجھتے تھے کہ کوئی غریب آدمی ہے اور وہ چوری کرتا ہے لیکن آج کل تو شرفا بھی چوری کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں ایئرکنڈیشنز اگر آپ اپنے گھر میں لگاتے ہیں اور آپ اس میں چوری نہیں کرتے، آپ Stealing نہیں کرتے، آپ میٹر میں کوئی Tempering نہیں کرتے تو میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ کا بل تقریباً گو آٹھ دس ہزار روپے کا ایک ایئرکنڈیشنز جو آپ خاص خاص وقتوں پر، یا دوپہر کو یا رات کی وقت لگائیں گے تو اس کا بل دس ہزار روپے آئے گا۔ کون سا گھر ہے جس میں دو تین چار ایئرکنڈیشنز استعمال نہیں ہوتے؟ تو کیا وہ اس چیز سے مبرا ہو سکتا ہے، جناب والا! اس دن ہمارے علاقے میں لوگوں نے کنڈے ڈالے ہوئے تھے تو واپڈا کے اراکین آئے اور پول کے اوپر چڑھ کر وہ کنڈے اتار رہے تھے تو گھروں میں، علاقے میں جو مستورات تھیں انہوں نے ان پر کتے چھوڑ دیئے۔ اب نیچے کتے کھڑے ہوئے تھے اور اوپر لائن مین ٹنگا ہوا تھا جناب والا، دو گھنٹے تک وہ ٹنگا ہوا تھا ہوا میں،۔۔۔(تالیاں)۔۔۔ وہ نیچے اتر نہیں سکتا تھا اس لئے کہ کنڈے اتار رہا تھا اور

نیچے چار پانچ کتے بھونک رہے تھے۔ تو جناب والا، یہ ان لوگوں کی مجبوریاں ہیں۔ نہ وہاں پر پولیس کوئی آپریشن کر سکتی ہے، نہ وہاں پر آپ کا قانون کوئی کام کر سکتا ہے۔ اگر ایک گاؤں میں کوئی ایک چور ہو تو آپ اس کو پکڑ لیں اگر سارے کا سارا گاؤں اس چوری پر مجبور ہو جاتا ہے تو آپ کن کن لوگوں کو ان جرائم میں پکڑیں گے؟ جناب والا! بس میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس حوالے سے ہمارے سینیئر منسٹر صاحب یہ محسوس نہ کریں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جتنا آپ اس صوبہ کے لئے پریشان ہیں، اتنا ہم بھی اس کے لئے پریشان ہیں اور ہماری یہ ایک متفقہ کوشش ہوگی بلکہ میری تو یہ رائے ہوتی این ایف سی کے حوالے سے، گو کہ اس بحث میں حصہ میں نے نہیں لیا، اگر اس پر آپ مناسب سمجھتے ہیں چونکہ اب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں اس پر تفصیلی بحث ہوگئی ہے، آپ نہیں تھے اور منسٹر صاحب بھی اس پر بول چکے ہیں۔

<u>جناب انور کمال:</u> شکریہ جناب۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ سکندر شیرپاؤ صاحب! آپ کچھ فرمائیں گے۔

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> سکندر خان شیرپاؤ صاحب۔

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> زه ستاسو ډیر مشکور یمه چې په دې اهم موضوع باندې تاسو ماله موقع را کړه حالانکه پرون په این ایف سی باندې بحث کښې ما دا شے Touch کړے دے او کافی حد پورے ما په دې باندې خبرې کړې دی خو چونکه نن دا په ایجنډے باندې ساتلے شوې دے نو زه به دا کوشش کومه چې Brief اوسم۔

<u>جناب سپیکر:</u> انتهائی Brief، چې منسټر صاحب بیا۔۔۔۔

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> او په دې باندې یو څو خبرې او خپل تجاویز پیش کړمه۔ جناب سپیکر! پرون هم ما چې خپل تقریر شروع کوؤ نو ما دا ویئلی وو چې د صوبے د مفادو د پاره، د صوبے د ترقئی د پاره، زمونږه د صوبائی خود مختیارئی د پاره، چې کله هم زمونږ صوبائی حکومت یا نور څوک هم، چې څوک هم آواز اوچتوی نو په هغې کښې به زمونږه پارټی، پاکستان پیپلز پارټی

